**09.08.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........................ نتیکا تیاگی

**Music**

---

☆ فضائیہ کے سربراہ ایئر چیف مارشل اے پی سنگھ نے کہا ہے کہ آپریشن سندور کے دوران بھارت کی فضائیہ نے پاکستان کے چھ ہوائی جہاز گرائے، جن میں پانچ لڑاکا جیٹ بھی شامل ہیں۔

☆ گذشتہ مالی سال کے دوران ملک میں دفاعی ساز و سامان کی تیاری ایک لاکھ 51 ہزار کروڑ روپے تک پہنچ گئی ہے، جو کہ ایک نیا ریکارڈ ہے۔

☆ ملک میں روایتی جوش و خروش کے ساتھ رکشا بندھن کا تہوار منایا جارہا ہے۔

☆ امریکہ میں جنوبی کیلیفورنیا میں جنگل کی آگ کے تیزی سے پھیلنے کی وجہ سے ہزاروں لوگوں سے محفوظ جگہوں پر چلے جانے کو کہا گیا ہے۔

☆ بھارت کے رمیش Budihal اور کشور کمار مہابلی پورم میں جاری ایشین سرفنگ چمپین شپ کے سیمی فائنل میں پہنچنے والے پہلے بھارتی بن گئے ہیں۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**KARNATKA AIR CHIEF**

فضائیہ کے سربراہ ایئر چیف مارشل اے پی سنگھ نے کہا ہے کہ بھارت نے آپریشن سندور کے دوران پاکستان کے پانچ لڑاکا جہاز گرائے تھے۔ وہ آج بنگلورو میں ایئرچیف ایل ایم Katre لیکچر کے موقع پر اظہارِ خیال کررہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی فضائیہ کے پانچ جہاز اور ایک AWaCS طیارہ بھی گرایا گیا تھا۔ فضائیہ کے سربراہ نے کہا کہ ہمارے میزائلوں نے Shahbaz جیکب آباد ہوائی اڈوں کو بھی تباہ کردیا اور وہاں F-16 قسم کے کچھ جہازوں کو بھی نقصان پہنچا۔ فضائیہ کے سربراہ نے مزید کہا کہ ہمارے دفاعی نظام نے شاندار کام انجام دیا اور S400 نظام نے تو صورتحال کو ہی بدل کر رکھا دیا۔ x

**DEFENCE PRODUCTION**

دفاعی سازو سامان کی سالانہ پیداوار مالی برس 25-2024 کے دوران ایک لاکھ 51 ہزار کروڑ روپے کی اب تک کی بلندترین سطح پر پہنچ گئی۔ یہ اہم حصولیابی پچھلے مالی برس کی اسی مدت کے دوران ایک لاکھ 27 ہزار کروڑ روپے کی پیداوار کے مقابلے 18 فیصد زیادہ ہے۔ اس حصولیابی کی تعریف کرتے ہوئے وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے، اِسے دفاعی صنعتی بنیاد کو مستحکم کرنے کا واضح اشارہ قرار دیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب راج ناتھ سنگھ نے وزارت دفاع کے، دفاعی سازوسامان کی پیداوار کے محکمے اور دیگر متعلقہ فریقوں کی بھی تعریف کی۔×

**PREZ-PM-RAKSHA BANDHAN**

بہن اور بھائیوں کے بیچ خصوصی رشتے کا تہوار، رکشا بندھن آج ملک بھر میں منایا جا رہا ہے۔

**Rakhi Song, 20-Secs**

اس موقع پر بہنیں اپنے بھائیوں کی کلائی پر رنگین راکھی باندھتی ہیں اور اُن کی خوشحالی، صحت اور بہتری کی دعا کرتی ہیں۔ بدلے میں بھائی اپنی بہنوں کی حفاظت اور مدد کا عہد کرتے ہیں اور بہنوں کو تحفے دیتے ہیں۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اور وزیراعظم نریندر مودی نے رکشا بندھن کے موقع پر شہریوں کو مبارکباد دی ہے۔

اپنے پیغام میں صدر جمہوریہ نے کہا کہ رکشا بندھن کا مقدس تہوار، بہنوں اور بھائیوں کے درمیان منفرد رشتے کو ظاہر کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ تہوار سماج میں رواداری اور اتحاد کے جذبے کو پروان چڑھاتا ہے۔ صدر جمہوریہ نے مزید کہا کہ یہ تہوار، بھارت کے گوناگوں ثقافتی ورثے اور اخلاقی اقدار کو برقرار رکھنے کا موقع بھی ہے۔ اس کے علاوہ رکشا بندھن کا تہوار، خواتین کے حقوق کے تحفظ اور اُن کے احترام کے تئیں ہر کسی کے عزم کو تقویت بھی دیتا ہے۔ ×

**BIHAR RAKSHA BANDHAN**

بہار میں رکشا بندھن کا تہوار جوش و خروش سے منایا جارہا ہے۔ اس موقع پر، ریاست بھر کے مندروں میں صبح سے عقیدتمندوں کی بڑی تعداد جمع ہوئی ہے۔ اس موقع پر، ریاستی حکومت نے آج اور کل کیلئے ریاست کی **Road Transport** کارپوریشن کی بسوں میں خواتین اور طالبات کیلئے مفت سفری خدمات کا انتظام کیا ہے۔ وزیر اعلیٰ نتیش کمار نے درختوں کو راکھی باندھکر ماحول کے تحفظ کا پیغام دیا ۔ راجدھانی **Vatika** پارک، پٹنہ میں جناب کمار نے درختوں کو راکھی باندھ کر درختوں کے تحفظ کا دن منایا۔ انھوں نے اس موقع پر پودے بھی لگائے۔×

## PM-QUIT INDIA MOVEMENT

وزیراعظم نریندر مودی نے مہاتما گاندھی کی متاثر قیادت کے تحت 'بھارت چھوڑو تحریک' میں حصہ لینے والے سبھی جرأتمند لوگوں کو یاد کیا اور ان کے تئیں تشکر کا اظہار کیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ اُن لوگوں کی شجاعت اور بہادری نے وطن پرستی کے جذبے کو جلادی، جس نے ملک کی آزادی کے حصول کیلئے لاتعداد لوگوں کو متحد کیا۔×

## PM-SANSKRIT DAY

وزیراعظم نریندر مودی نے شراوَن پورنما کے موقع پر منائے جانے والے سنسکرت کے عالمی دن پر نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے لکھا کہ سنسکرت، علم اور جذبات کے اظہار کا ایک لازوال منبع ہے اور اس کا اثر مختلف شعبوں میں دیکھا جاسکتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ گزشتہ دہائی میں، حکومت نے سنسکرت کو عوام میں مقبول کرنے کیلئے بہت سے اقدام کئے ہیں۔×

## USA-FIRE

امریکہ میں جنوبی کیلیفورنیا میں جنگل کی آگ کے تیزی سے پھیلنے کی وجہ سے ہزاروں لوگوں سے محفوظ جگہوں پر چلے جانے کو کہا گیا ہے۔ جمعرات کی دوپہر سے جنگل کی آگ میں تیزی آنے سے آگ 4 ہزار 800 ایکٹر سے زیادہ رقبے میں پھیل گئی ہے اور لاس اینجلس کاؤنٹی میں داخل ہوگئی ہے۔ 400 سے زیادہ آگ بجھانے والے عملے کے افراد 38 ڈگری سیلسیس گرمی میں آگ پر قابو پانے کی کوشش کررہے ہیں۔ حکام نے خبردار کیا ہے کہ آگ سے مزید علاقے متاثر ہوسکتے ہیں، کیونکہ آگ تیزی کے ساتھ آگے بڑھ رہی ہے۔×

## RAILWAY RETURN JOURNEY

ریلوے کی وزارت نے Round Trip پیکج اسکیم لاگو کرنے کا فیصلہ کیا ہے، جس کے تحت مسافروں کو واپسی کے سفر پر 20 فیصد کی رعایت دی جائے گی۔ ریلوے کی وزارت نے ایک بیان میں کہا کہ اس اسکیم کے تحت رعایت کا اطلاق اُسی صورت میں ہوگا، جب ایک ہی مسافر گروپ کیلئے جانے اور واپسی، دونوں کے ٹکٹ بک کروائے جائیں گے۔ وزارت نے مزید کہا کہ اس اسکیم کے تحت بک کئے گئے ٹکٹوں پر کرایہ ریفنڈ کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔ اس اسکیم کے تحت بکنگ اس ماہ کی 14 تاریخ سے شروع ہوگی اور ایڈوانس ریزرویشن مدت 13 اکتوبر کیلئے ہوگی۔ ساتھ ہی، واپسی کے ٹکٹ بک کرواتے وقت، 60 دن کی ایڈوانس رزرویشن مدت کا اطلاق نہیں ہوگا۔×

**BIHAR TEJASWI-EPIC**

چناؤ کمیشن نے راشٹریہ جنتادل کے رہنما تیجسوی پرساد یادو کے ذریعہ 22 اگست کو ایک پریس کانفرنس کے دوران دکھائے گئے ووٹر شناختی کارڈ EPIC نمبر کو فرضی دستاویز قرار دیا ہے۔ Digha اسمبلی حلقے کے الیکٹورل رجسٹریشن آفیسر ERO نے، جوکہ صدر کے سب ڈویژنل آفیسر بھی ہیں، تیجسوی یادو کو حکم دیا ہے کہ وہ 16 اگست شام 5 بجے تک کمیشن کے دفتر میں مذکورہ ووٹر شناختی کارڈ جمع کرادیں۔ Digha اسمبلی حلقے کے ERO نے اس سلسلے میں ایک لیٹر جاری کیا ہے اور کہا ہے کہ تیجسوی یادو کے ذریعہ دکھائے گئے ووٹرشناختی کارڈ کی مکمل طور پر چھان بین کی گئی ہے۔ آفیسر نے کہا کہ چناؤ کمیشن نے اس EPIC نمبر کے ساتھ کوئی ووٹر شناختی کارڈ جاری نہیں کیا ہے اور یہ فرضی ہے۔×

**J&K ENCOUNTER**

جموں وکشمیر میں جنوبی کشمیر کے کُلگام ضلع میں واقع Akhal جنگلاتی علاقے میں جاری انسداد دہشت گردی کارروائی میں سنگین طور پر زخمی ہوئے فوج کے دو جوان، زخموں کی تاب نہ لاکر چل بسے۔ پچھلے جمعہ کو شروع ہوئی یہ کارروائی آج نویں روز بھی جاری ہے۔ سری نگر میں واقع چنار کور کے فوجی ترجمان نے اپنے ایکس ہینڈل پر شہید ہوئے فوجی جوانوں کی شناخت لانس نائک پرت پال سنگھ اور سپاہی ہرمندر سنگھ کے طور پر کی ہے۔ انہوں نے اپنے فرائض کی ادائیگی کرتے ہوئے اپنی جانیں قربان کرنے کیلئے دونوں جانبازوں کو خراج عقیدت پیش کیا۔×

**MUMBAI DRUGS SEIZED**

مہاراشٹر میں منشیات کی روک تھام سے متعلق شعبے نے Malad ، Jogeshwari ، دادر اور نوی ممبئی میں چھاپہ مارا ہے اور چار اعشاریہ صفر تین چار کلوگرام Mephedrone (MD) کو قبضے میں لیا گیا ہے، جس کی مالیت تقریباً 10 کروڑ سات ہزار روپے بتائی جاتی ہے۔ چھاپے کے دوران پانچ افراد کو حراست میں لیا گیا ، جن میں سے دو غیرملکی باشندے ہیں۔ تفتیش سے پتہ چلا ہے کہ ملزم ممبئی کے مختلف حصوں میں Mephedrone سپلائی کرتے رہے ہیں۔ اب تک چار FIR درج کی گئی ہیں اور منشیات کی روک تھام سے متعلق قانون کی مختلف دفعات کے تحت چھان بین جاری ہے۔ x

**NASA-MISSION**

NASA کے Crew-10 مشن کے چار خلاء باز کل کرۂ ارض پر واپسی کیلئے، SpaceX ڈریگن کیپسول میں سوار ہوکر بین الاقوامی خلائی اسٹیشن سے روانہ ہوئے۔ واپسی کا یہ سفر 18 گھنٹے پر مشتمل ہے۔ امریکی خلاء باز Anne McClian اور Nichole Ayers، جاپانی خلاء باز Takuya Onishi اور روس کے خلاء باز Kirill Peskov کے آج بھارتی وقت

کے مطابق رات 9 بجکر تین منٹ پر کیلیفورنیا کے ساحلی مقام پر بحر الکاہل میں اترنے کا امکان ہے۔ خلاء بازوں کے اس عملے نے خلاء میں 146 دن کی اپنے قیام کے دوران 200 سے زیادہ اہم تجربےمکمل کئے۔ ان میں پودوں کی نشو ونما میں مائکرو Gravity کے اثر اور خلیات کے عمل جیسے تجربات شامل ہیں۔ Crew-10 مشن مارچ میں لانچ ہوا تھا، جس نے Crew-9 کی جگہ لی تھی۔×

**HP-RAINFALL**

ہماچل پردیش میں مانسون کی بارش کا سلسلہ جاری ہے اور ریاست کے زیادہ تر حصوں میں لگاتار بارش سے روزمرہ کی زندگی متاثر ہورہی ہے۔ محکمۂ موسمیات نے 15 اگست تک کئی جگہوں پر موسلادھار بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ آج اور کل کیلئے Yellow الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ اِس دوران کچھ جگہوں پر گرج چمک کے ساتھ موسلادھار بارش ہوسکتی ہے۔ 11 سے 14 اگست تک مانسون اور زیادہ سرگرم ہوسکتا ہے اور کئی جگہوں پر تیز سے بہت تیز بارش ہونے کا امکان ہے۔ 15 اگست کیلئے بھی موسلادھار بارش ہونے کی پیش گوئی کی گئی ہے۔

پیش ہے ہمارے نامہ نگار کی ایک رپورٹ ... (VC - Ritesh Kapoor)

*ہماچل پردیش میں گزشتہ 24 گھنٹے کے دوران بلاسپور ضلع میں واقع شری نیناندیوی علاقے میں سب سے زیادہ 112 ملی میٹر، جبکہ منڈی ضلع کے Pandoh کے مقام پر 102 ملی میٹر بارش ریکارڈ کی گئی ہے۔ شدید بارش کے سبب ریاست کے دریاؤں اور نالوں میں طغیانی آ گئی ہے۔ پانی کی سطح میں اضافے کی وجہ سے متعدد آبی ذخائر سے فاضل پانی نکالا جارہا ہے۔ ریاست کے مختلف مقامات پر مٹی کے تودے کھسکنے سے ایک قومی شاہراہ اور دیگر 399 سڑکیں بند ہوگئی ہیں۔ اس کے علاوہ بجلی کے 704 ٹرانسفارمر اور پینے کے پانی کی 178 اسکیمیں معطل ہیں۔ محکمہ موسمیات کی جانب سے خراب موسم کی وارننگ کے پیش نظر ریاستی حکومت نے لوگوں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ احتیاطی اقدامات کریں، غیر ضروری سفر سے گریز کریں اور ندیوں اور نالوں سے دور رہیں۔*

*شملہ سے رِتیش کپور کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں......*

**UTTARKHAND-RESCUE**

اتراکھنڈ میں، اتراکاشی ضلع کے قدرتی آفت سے متاثرہ دھرالی-ہرسِل علاقے میں بڑے پیمانے پر راحت اور بچاؤ کی کارروائی جاری ہے۔ فضائی خدمات، جدید ٹیکنالوجی اور دیگر آلات کی مدد سے بڑی تعداد میں راحت اور بچاؤ کا کام انجام دینے والے اہلکار اس مشن میں شامل ہیں۔ اب تک 775 لوگوں کو بچایا گیا ہے۔

پیش ہے ہمارے نامہ نگار کی تفصیلی رپورٹ۔ **V-C Sakshi Singh**

*قدرتی آفت سے متاثرہ دھرالی-ہرسِل علاقے میں پھنسے عقیدتمندوں اور مقامی شہریوں کو بچانے کا کام فوج، **NDRF**، **SDRF**، پولیس اور مقامی انتظامیہ کے تعاون سے جاری ہے۔ ہیلی کاپٹر کے ذریعہ متاثرہ علاقے میں ضروری راحتی سامان پہنچایا جارہا ہے۔بجلی، پانی کی سپلائی، حفظان صحت، خدمات کو بحال کرنے کا کام جنگی پیمانے پر جاری ہے۔فوج کے جوان **Limchigadh** میں **Bailey** پُل تعمیر کرنے کیلیے دن رات کام کررہے ہیں۔*

*شاکشی سنگھ کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلیے میں......*

**WMD WARNING**

موسمیات سے متعلق عالمی تنظیم نے پہلے سے خبردار کردینے کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے بتایا ہے کہ دنیا کے لاکھوں لوگ شدید گرمی سے متاثر ہورہے ہیں۔ اِس تنظیم کے اعداد و شمار کے مطابق دنیا کے کئی خطوں میں اکثر و بیشتر گرمی کی لہر بڑھتی رہی ہے اور کئی بار درجۂ حرارت کا ریکارڈ بھی ٹوٹ گیا ہے۔ **x**

**IMD-WEATHER**

بھارت کے موسمیات کے محکمے نے دلّی **NCR** کے کئی حصوں میں آج اوسط سے تیز بارش جاری رہنے کا امکان ظاہر کیا ہے اور آج کیلئے اورینج الرٹ بھی جاری کیا گیا ہے۔ محکمے کے سینئر سائنداں ڈاکٹر آر کے جینا منی نے خاص طور پر آکاشوانی سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ کل رات پرگتی میدان میں **100** ملی میٹر بارش ریکارڈ کی گئی۔ انہوں نے یہ بھی بتایا کہ اگلے دو تین دن کے دوران ملک کے شمال مغربی حصوں میں تیز سے بہت تیز بارش ہوسکتی ہے۔ **x**

**INDIA-SURFERS-HISTORY**

بھارت کے رمیش **Budihal** اور کشور کمار مہابلی پورم میں جاری ایشین سرفنگ چمپئن شپ کے سیمی فائنل میں پہنچنے والے پہلے بھارتی بن گئے ہیں۔ رمیش **Budihal** نے کوارٹر فائنل میں **14** اعشاریہ آٹھ کا اسکور کیا اور وہ فلپینس کے **Neil Sanchez** سے آگے رہے۔ اس دوران کشور نے بھی عمدہ کارکردگی کا مظاہرہ کیا اور فلپینس کے **Eduardo Alciso** کو **10** اعشاریہ پانچ صفر کے اسکور سے ہرایا۔**x**

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆